رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اورنگ آباد • بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
HYDERABAD: Saturday, 15 June, 2024 Pages: 08 ₹5 Vol:18 Issue : 253
○ حب الوطنی ○ فرض شناسی ○ ایثار | یعنی مکمل سچ | حیدرآباد، ہفتہ، 15/جون 2024، مطابق، 08/ذی الحجہ 1445ھ

لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَةَ، لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

خیموں کے شہر میں انسانی مساوات کا عظیم اجتماع۔ آج وقوف عرفات

- تلبیہ کی گونج میں پانچ روزہ مناسک حج کا آغاز۔ منیٰ کی فضاؤں میں فرزندان توحید کی سسکیاں اور رقت انگیز دعاؤں کی گونج
- 25 لاکھ سے زائد حجاج کرام عبادات میں مصروف۔ روح پرور مناظر۔ چلچلاتی دھوپ میں عازمین حج کیلئے وسیع پیمانے پر انتظامات



منیٰ مکہ مکرمہ ریاض ، 14/ جون (ایجنسیز) مناسک حج 1445 ہجری کا آغاز ہو چکا ہے۔ وادی منیٰ کی عارضی بستی 'لبیک' کی صداؤں سے گونج رہی ہے۔ عازمین آج سارا دن منیٰ میں قیام کریں گے۔ وادی منیٰ دنیا کا وہ واحد خطہ ہے جو سال میں محض چند دنوں کیلئے آباد ہوتا ہے یہاں دنیا کے کونے کونے سے فرزندان اسلام آتے ہیں اور مناسک حج ادا کرتے ہیں۔ منیٰ کے عارضی شہر میں حرارت ایمانی سے سرشار شمع محمدیؐ کے لاکھوں پروانے جو دنیا بھر سے حج کا ارادہ کر کے مکہ مکرمہ کے مقدس شہر میں جمع ہوئے تھے، پیغمبر اسلامؐ کی اتباع میں احرام باندھ کر لبیک اللھم لبیک کی صدا بلند کرتے ہوئے کل شام سے ہی منیٰ کی عارضی شہر میں منتقل ہو گئے اور جمعہ کی صبح تک زائداز 25 لاکھ حجاج منیٰ کے خیموں میں جمع ہوگئے اور آج دن بھر دعاؤں اور عبادتوں میں مصروف رہے ،منیٰ کے روحانی منظر کو ٹیلی ویژن اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمس کے ذریعہ پوری دنیا میں دیکھا گیا۔ شدید گرمی کے باوجود حجاج کے جوش و جذبہ اور خشوع وخضوع میں کوئی کمی نہیں آئی۔ حکومت سعودی عرب نے حاجیوں کو راحت پہنچانے کیلئے بے مثال اور وسیع تر انتظامات کئے تھے۔ حجاج آج شام سے ہی عرفات کی طرف کوچ کریں گے جبکہ ہفتہ کو وقوف عرفات کے ساتھ حج کا فریضہ اعظم انجام پائے گا۔ تلبیہ کی گونج ماحول کی روحانیت میں اضافہ کرتی رہے گی۔ ہفتہ کو مسجد نمرہ میں خطبۂ حج دیا جائے گا اور ظہر اور عصر کی نماز جمع کر کے پڑھی جائے گی۔ عصر کے بعد تمام حجاج خصوصی دعاؤں میں مشغول ہو جائیں گے ، اسلامی عقیدہ کے مطابق یہ دعائیں ضرور شرف قبولیت حاصل کرتی ہیں۔ پانچ روزہ مناسک حج کی ادائیگی کا آغاز آج سے ہوگیا ہے اور رکن اعظم وقتِ عرفہ 15 جون بروز ہفتہ ہوگا۔ ہفتہ کی صبح عازمین حج میدان عرفات کے لئے روانہ ہوں گے جو حج کا رکن اعظم ہے۔ میدان عرفات میں حج کے خطبہ کے بعد ظہر اور عصر کی نماز ملا کر پڑھیں گے۔ مغرب سے پہلے حجاج کرام مزدلفہ کی طرف روانہ ہوں گے جہاں وہ مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھے پڑھیں گے۔ مزدلفہ میں حجاج کرام شیطان کو کنکریاں مارنے کے لئے کنکریاں جمع کریں گے۔ رات مزدلفہ میں ہی گزاریں گے جہاں وہ آرام اور عبادت کریں گے۔ 16 جون اتوار کی صبح حجاج کرام منیٰ واپس روانہ ہوں گے جہاں وہ رمی جمرات کریں گے۔ پھر حجاج کرام اللہ کی راہ میں جانور قربان کریں گے ، پھر اپنا سر منڈھوا کر احرام کھول کر عام لباس پہنیں گے اور پھر مزید 2 دن تک منیٰ میں ہی قیام کریں گے۔ 16 جون کو ہی حجاج کرام بیت اللہ کے طواف کے لئے مکہ روانہ ہوں گے۔ 17 جون کو حجاج کرام ایک بار پھر رمی جمرات کریں گے اور پوراون اور پوری رات عبادت میں گزاریں گے۔ 18 جون کو آخری بار تینوں شیطانوں کو کنکریاں مارنے کے بعد حجاج کرام مغرب ہونے سے قبل منیٰ کے حدود سے نکل جائیں گے۔ عازمین کی سہولت کیلئے معلمین کی جانب سے مختلف زبانوں کے متربجمین کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ تاکہ عازمین بروقت مناسک حج کی ادائیگی مکمل کرسکیں۔ حج کے عظیم الشان اجتماع کو کامیاب بنانے کے لئے سعودی انٹیلجنس کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی بہتر انتظامات کا جائزہ کیا گیا ہے۔ سکیورٹی کے بھی موثر انتظامات کئے گئے ہیں۔ حج کے دوران وزارت صحت ، شہری دفاع ، بلدیہ ، ٹیلی کمیونیکیشن ، محکمہ موسمیات اور دیگر اداروں کی ٹیمیں منیٰ کی عارضی خیمہ بستی میں اپنی خدمات انجام دی رہے ہیں۔ سعودی عرب کے مختلف شہروں سے آنے والے خادم الحجاج بھی منیٰ میں موجود ہیں۔ وزارت تجارت کی جانب سے تنفیشتی ٹیموں کو مشاعر مقدسہ میں تعینات کیا گیا ہے۔ مکہ مکرمہ اور منیٰ میں غیر قانونی طریقہ سے حج کرنے والوں کو روکنے کیلئے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔ وادی منیٰ داخلی راستوں پر سکیورٹی جوانوں کو تعینات کیا گیا ہے جو عازمین حج کے پرمٹ دیکھنے کے بعد ہی انھیں منیٰ میں جانے کی اجازت دے رہے ہیں۔ مشاعر ٹرین کی سہولت بھی دستیاب ہے جس سے عازمین حج منیٰ آسانی سے منتقل ہو رہے ہیں، اس کے علاوہ بس سروس بھی فراہم کی گئی تھی۔ عہدہ داروں نے بتایا کہ 12 ہزار بسوں کے ذریعہ حجاج کرام کو منیٰ پہونچایا گیا۔ سعودی عہدہ داروں کے مطابق اس سال بیرونی ممالک سے 15 لاکھ مسلمان حج کیلئے جمع ہوگئے ہیں جب کہ مقامی طور پر 4 لاکھ افراد کو حج کی اجازت دی گئی ہے۔ شدید گرمی کے پیش نظر سعودی عرب کی وزارت صحت نے حجاج کرام کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ منیٰ میں درجہ حرارت 44 ڈگری سیلیس ریکارڈ کیا گیا ہے۔ وزارت صحت کی جانب سے حجاج کرام سے کہا گیا ہے کہ وہ چھتری کا استعمال کریں اور زیادہ سے زیادہ پانی پئیں۔ امور حج کی نگرانی کیلئے سعودی ولیعہد محمد بن سلمان نے جی 7 کانفرنس میں شرکت سے معذرت کی جو اٹلی میں منعقد ہو رہا ہے۔ انھوں نے اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی کو پیام جاری کرتے ہوئے بتایا کہ امور حج کی نگرانی سے متعلق ذمہ داریوں کی وجہ سے وہ چوٹی اجلاس میں شرکت نہیں کر سکتے۔

منیٰ میں 44 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت

ٹھنڈے پانی کے بوتلوں کی تقسیم۔ مصنوعی ذہانت سمیت نئی ٹیکنالوجی کا استعمال

سیکنڑوں والینٹرس تعینات۔ 83 ہاسپٹل اور 140 ہیلٹ سنٹرس کا قیام

حاجیوں کی خدمت کیلئے سعودی حکومت کے مستحسن اقدامات

کمسن عازم حج کا دوران طواف انتقال

مکہ مکرمہ، 14/ جون۔ (ایجنسیز) رواں سال کم عمر ترین حاجی قرار دیئے جانے والے عازم حج بچے کا دوران حج تمکمتہ شدید گرمی کے باعث انتقال ہوگیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایام حج کے دوران مکہ مکرمہ کی معطر فضا میں انتقال کرنے والا یہ بچہ یمنی محمد رمضان ہے جو مصر سے تعلق رکھتا ہے جس کو رواں سال کم عمر ترین حاجی قرار دیا گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق یمنی کی موت مکہ مکرمہ میں ممکنہ طور پر شدید گرمی سے اس وقت ہوئی جب یہ حالت احرام میں اپنے والدین کے ہمراہ خانہ کعبہ کا طواف کر رہا تھا۔ سوشل میڈیا پر بھی اس بچے کی تصویر وائرل ہو رہی ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق بچے کی موت شدید گرمی کی وجہ سے ہوئی جب کہ دیگر ذرائع کے مطابق بچہ سعودی عرب میں حادثاتی طور پر بلند رہائشی عمارت سے نیچے گرا جس کے نتیجے میں اس کی موت واقع ہوگئی۔ بچے کو نماز جنازہ کے بعد مکہ مکرمہ میں ہی سپرد خاک کر دیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر صارفین بچے کی موت پر افسردہ اور والدین سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں۔

مختصر خبریں

ایک ملک، ایک الیکشن کمیٹی رپورٹ کابینہ میں رکھنے کی تیاری

نئی دہلی، 14/ جون (ایجنسیز) مرکزی وزارت قانون ایک ملک ایک الیکشن کمیٹی کی رپورٹ مرکزی کابینہ کے سامنے رکھنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ ذرائع نے جمعہ کے دن یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ یہ رپورٹ وزارت قانون کے 100 روزہ ایجنڈہ کے تحت جلد سے جلد کابینہ میں رکھی جائے گی۔ لوک سبھا الیکشن سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی نے تمام مرکزی وزارتوں اور محکموں سے کہا تھا کیوہ اگلی حکومت کے لئے 100 دن کا ایجنڈہ تیار کرے۔ کمیٹی نے ملک میں بہ یک وقت انتخابات کے ساتھ ساتھ یکساں فہرست رائے دہندگان اور ووٹر آئی ڈی کارڈس تیار کرنے کی بھی سفارش کی تھی۔

کویت سانحہ، لواحقین کو لولو مال کی 5 لاکھ امداد

نئی دہلی، 14/ جون (ایجنسیز) کویت میں چھ منزلہ عمارت میں آگ لگنے سے 45 ہندوستانیوں کی موت ہوگئی، اس حادثہ میں ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کے لیے الگ سے مالی امداد کا اعلان کیا گیا۔ کیرالا حکومت کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق ملیالی نژاد صنعت کاروں نے بھی مرنے والوں کے لواحقین کے لیے 5 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ ہر مرنے والے کے لواحقین کو 2 لاکھ روپے۔ یوسف علی اپنی خیراتی تصویر کے لیے مشہور ہیں، یہ گروپ ملک بھر میں مشہور لولو مال چلاتا ہے۔ 260 اس گروپ میں 100 سے زیادہ ریٹیل آؤٹ لیٹس ہیں 70 ہزار سے زیادہ لوگ کام کرتے ہیں۔

یوپی میں کرپشن: 55 پولیس ملازمین معطل

لکھنؤ، 14/ جون (ایجنسیز) اتر پردیش کے آگرہ میں بدعنوانی اور کام میں لاپرواہی کے الزام میں 55 پولیس اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا ہے۔ حکام نے یہ جانکاری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان میں سے 16 کو پاسپورٹ کی تصدیق کے کیس میں غفلت برتنے پر معطل کر دیا گیا ہے۔ یہ 16 پولیس اہلکار نیو آگرہ، ہری پربت، شاہ گنج اور کملا نگر پولیس اسٹیشن پر تعینات تھے۔ پولیس نے کہا کہ آگرہ پولیس کمشنر کو پاسپورٹ کی تصدیق میں بے ضابطگیوں کی کئی شکایات موصول ہوئی تھیں، جن کی تصدیق فیڈ بیک یونٹ کے ذریعہ کی گئی تھی۔ ڈپٹی کمشنر آف پولیس (ایسٹ) نے پاسپورٹ کی تصدیق میں تاخیر پر شمس آباد پولیس اسٹیشن کی ایک خاتون پریشن سب انسپکٹر اور ڈوکی پولیس اسٹیشن کے ایک ہیڈ کانسٹیبل کو بھی معطل کر دیا ہے۔

جی۔7 سربراہی اجلاس، وزیر اعظم کی عالمی قائدین سے ملاقات

صدر یوکرین زیلنسکی کو گلے لگایا۔ صدر میکروں سے دفاع وتعلیم کے شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال

روم، 14/ جون (ایجنسیز) جی۔7 سربراہ اجلاس کیلئے اٹلی پہنچنے والے وزیر اعظم نریندر مودی نے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی سے ملاقات کی۔ مودی نے زیلنسکی کو گلے لگایا۔ اس کے بعد دونوں رہنماؤں کے درمیان دوطرفہ میٹنگ ہوئی۔ روس۔ یوکرین جنگ شروع ہونے کے بعد مودی نے زیلنسکی سے دوسری بار ملاقات کی ہے۔ اس سے قبل گزشتہ سال جاپان میں منعقدہ جی۔7 سربراہ اجلاس میں دونوں رہنماؤں کی ملاقات ہوئی تھی۔ اس دوران مودی نے کہا تھا کہ روس۔ یوکرین جنگ صرف بات چیت سے ہی حل ہوسکتی ہے۔ زیلنسکی کے علاوہ مودی نے فرانسیسی صدر ایمینوئل میکروں اور برطانوی وزیر اعظم رشی سنک سے بھی ملاقات کی۔ وہ اطالوی وزیر اعظم جارجیا میلونی سے بھی ملاقات کریں گے، جو جی۔7 سربراہ اجلاس کی میزبانی کر رہی ہیں۔ پی ایم مودی نے مسلسل 5 ویں بار جی۔7 سربراہ اجلاس میں شرکت کی ہے۔ وہ رات گئے ساڑھے 3 بجے اٹلی پہنچے تھے۔ امریکی میڈیا پولیٹیکو کی ایک رپورٹ میں جی۔7 سربراہ اجلاس میں جمع ہونے والے رہنماؤں کو اب تک کا 'کمزور ترین اجتماع' قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہاں جمع ہونے والے زیادہ تر لیڈروں کو کسی نہ کسی گھریلو بحران کا سامنا ہے یا وہ اگلی بار الیکشن جیتنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ صدر جو بائیڈن کی پارٹی امریکہ میں مسلسل پیچھے ہے۔ انتخابات سے قبل یہاں کا ماحول سابق صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے حق میں ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ اگرچہ ہش منی کیس میں ان پر جرم ثابت ہو چکا ہے لیکن ان کے مداحوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ جرمنی میں چانسلر اولوف شولز کی کارکردگی کمزور ہوگئی ہے۔ دائیں بازو کی جماعت اے ڈی ایف وہاں تیزی سے مضبوط ہوتی جارہی ہے۔ اے ڈی ایف نے اس بار یوروپی یونین کے انتخابات میں 6 نشستیں حاصل کی ہیں۔ وہیں چانسلر شولز کی پارٹی کو تیسرے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔ شولز کی پارٹی کو 2 سیٹوں کا نقصان ہوا ہے۔ فرانس کے صدر ایمینوئل میکروں نے یوروپی انتخابات میں ہاتھ کی کارکردگی کے بعد پارلیمنٹ کو تحلیل کر دیا ہے۔ دوسری جانب برطانیہ میں رشی سنک کی کنزرویٹو پارٹی کی حالت انتہائی خراب ہے اور سروے میں وہ لیبر پارٹی سے 20 پوائنٹس پیچھے ہے۔ گرتی ہوئی رینکنگ کے درمیان سنک نے ملک میں انتخابات کو بھی وقت سے پہلے کر دیا ہے۔

کولکتہ: لاء کالج ٹیچر کا حجاب کی خاطر ملازمت چھوڑ دینے کا فیصلہ

کولکتہ، 14/ جون (ایجنسیز) کولکتہ میں واقع خانگی لا کالج کی ٹیچر جسے کہا گیا تھا کہ وہ حجاب میں کلاس میں حاضر نہ ہوں اور بعد ازاں انہیں حجاب پہننے کی اجازت دی گئی نے کہا کہ وہ اپنے ملازمت سے رجوع نہیں ہوں گی۔ اس کے جواب میں کالج نے کہا کہ وہ ان کے فیصلے کا احترام کرتے ہیں۔ ٹیچر سنجیدہ قادر نے کہا کہ وہ ملازمت سے رجوع نہیں ہوں گی اور کہا کہ ذریعہ ای میل اپنا فیصلہ کالج انتظامیہ کو روانہ کر دیا ہے۔ نالی گنج میں واقع این آئی ڈی لا کالج نے 10 جون کو ذریعہ ای میل ٹیچر سے کہا کہ وہ اساتذہ کے لئے مقرر ڈریس قواعد کی پابندی کرتے ہوئے ڈیوٹی سے رجوع ہوسکتی ہیں اور کلاس میں اپنا ڈوپٹہ سر پر اکارف کے طور پر لگا سکتی ہیں۔ سنجیدہ جنہوں نے اپنے فیصلہ مطلع کرنے ایک ہفتہ کی مہلت طلب کی تھی، جمعرات کو تازہ ای میل پیام روانہ کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ کے حکم پر یہ احتیاط کرتے ہوئے وہ فیصلہ کی ہیں کہ کالج میں رجوع نہ ہوں اور اس کے بجائے نئے مواقع تلاش کرے کیونکہ ان کا ایقان ہے کہ اس وقت ان کے مقاصد حاصل کرنے یہ بہتر پسند ہے۔



ٹی ایم سی رکن پارلیمنٹ یوسف پٹھان کو وڈودرہ بلدیہ کی نوٹس

وڈودرہ، 14/ جون (ایجنسیز) بی جے پی زیر اقتدار وڈودرہ میونسپل کارپوریشن (وی ایم سی) نے سابق کرکٹر اور ترنمول کانگریس کے نومنتخب رکن لوک سبھا یوسف پٹھان کو نوٹس بھیجی ہے۔ ان پر بلدیہ کے پلاٹ پر انکروچمنٹ کا الزام ہے۔ نوٹس 6 جون کو جاری ہوئی لیکن وی ایم سی قائمہ کمیٹی سربراہ شیتل مستری نے جمعرات کے دن میڈیا کو یہ بات بتائی۔ بی جے پی کے سابق کارپوریٹر وجے پوار نے الزام عائد کیا کہ حکومت گجرات نے 2012 میں یوسف پٹھان کو پلاٹ بیچنے کی بلدیہ کی تجویز مسترد کر دی تھی لیکن یوسف پٹھان نے پلاٹ پر کمپاؤنڈ وال تعمیر کرادی۔ بی جے پی کے سابق کارپوریٹر نے کہا کہ مجھے یوسف پٹھان سے کوئی اختلاف نہیں۔ تاندولیہ میں وی ایم سی کا ایک پلاٹ ہے۔ یوسف پٹھان نے یہ پلاٹ وی ایم سی سے مانگا تھا کیونکہ ان کا بنگلہ اس سے متصل ہے جو اُس وقت زیر تعمیر تھا۔

نیٹ تنازعہ، سی بی آئی تحقیقات سے سپریم کورٹ کا انکار

نئی دہلی، 14/ جون (ایجنسیز) سپریم کورٹ نے جمعہ کے دن کہا کہ وہ نیٹ (یوجی) 2024 امتحان کے پرچہ کے افشاء اور دیگر بے قاعدگیوں کے الزام کی سی بی آئی تحقیقات کا کوئی بھی حکم فریق ثانی کے موقف کی سماعت کے بغیر نہیں دے گی۔ جسٹس وکرم ناتھ کی بنچ نے وکیل سے جو معاملہ کی لازمی سی بی آئی تحقیقات کی گزارش کر رہا تھا' کہا کہ درخواست پر غور کیا گیا۔ ہم ایکس پارٹی آرڈر نہیں دیں گے۔ کونسی سی بی آئی تحقیقات؟ کیا آپ فریق ثانی کا موقف سنے بغیر سی بی آئی تحقیقات کا حکم دیا جاسکتا ہے؟ کیا آپ یہی چاہتے ہیں؟۔ بنچ نے کہا کہ پیٹیشن لسٹنگ ایجنسی سی بی آئی رائس آئی تحقیقات کے لئے داخل تازہ درخواستوں کا جواب دے سکتی ہے۔ بنچ نے یہ درخواست بھی مسترد کر دی کہ بہار پولیس سے اگلی تاریخ سماعت سے قبل میڈیہ پیچر لیک تحقیقات کی اسٹیٹس رپورٹ داخل کرنے کو کہا جائے۔ تم نے اپنی درخواستوں میں سارے الزامات عائد کر دیئے۔ ہم نے این ٹی اے کو جواب داخل کرنے کیلئے 2 ہفتوں کا وقت دیا ہے۔ وہ جواب داخل کرے گی۔ درخواستوں کی سماعت 8 جولائی کو ہونے والی ہے۔ درخواست گزاروں نے امتحان کی منسوخی پر زور دیا ہے۔ سپریم کورٹ بارہا انکار کر چکی ہے کہ میڈیکل کونسلنگ پر روک نہیں لگے گی۔ سپریم کورٹ نے این ٹی اے سے کہنے کے بعد گریس مارکس کا مسئلہ ختم کر دیئے کا فیصلہ کیا کہ 1563 امیدواروں کو دیئے گئے گریس مارکس واپس لے لئے جائیں گے۔

گجرات: مسلم خاتون کو فلیٹ الاٹ کرنے پر مقامی افراد کا احتجاج

وڈودرا، 14/ جون (ایجنسیز) ریاست گجرات کی سرکاری کوٹہ کے تحت ایک مسلم خاتون کو فلیٹ الاٹ کرنے پر مقامی افراد نے شدید احتجاج منظم کیا۔ یہ واقعہ وڈودرا (بڑودہ) میونسپل کارپوریشن (وی ایم سی) کے ہرنی علاقہ میں پیش آیا۔ یہاں گجرات حکومت کی اسکیم کے تحت ایک مسلم خاتون کو فلیٹ الاٹ ہوا تھا جس پر مقامی افراد نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ یہ علاقہ صرف ہندوؤں کے لیے ہی ہے۔ علاقہ کے افراد نے مسلم خاتون کو فلیٹ کا الاٹمنٹ منسوخ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر اس فلیٹ کا الاٹمنٹ منسوخ نہ کیا گیا تو ہم احتجاج میں شدت کریں گے۔ اس اسکیم سے فلیٹ حاصل کرنے والی مسلم خاتون نے بتایا کہ اسے یہ فلیٹ 6 سال قبل الاٹ ہوا ہے۔ تاہم مقامی افراد کی شدید مخالفت کی وجہ سے وہ اس فلیٹ میں منتقل ہونے سے قاصر ہیں۔ مقامی افراد کا دعویٰ ہے کہ اس کا کوئی میں اقلیتی طبقہ کے کسی فرد کو فلیٹ الاٹ نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ اس علاقہ میں صرف ہندو رہتے ہیں کسی بھی دیگر مذہب کے فرد کو ضلع کلکٹر کی قبل ازیں اجازت کے بغیر کوئی اراضی یا فلیٹ فروخت نہیں کیا جاسکتا۔ تاہم وڈودرا کے میونسپل کمشنر دلیپ رانا نے کہا کہ انہیں ہرنی کے موضاتھ علاقہ کے شہریوں سے نمائندگی وصول ہوئی ہے۔ ہم اس معاملہ کا جائزہ لینے کے بعد مناسب کارروائی کریں گے۔

دہلی میں شیومندر کا انہدام روکنے سے سپریم کورٹ کا انکار

نئی دہلی، 14/ جون (ایجنسیز) سپریم کورٹ نے جمعہ کے دن نئی دہلی کے گیتا کالونی میں واقع پرا چین شیومندر کا انہدام روکنے سے انکار کر دیا۔ بنچ نے دہلی ہائی کورٹ کے 29 مئی کے فیصلہ کو برقرار رکھا۔ دہلی ہائی کورٹ کی جسٹس وِبھا بش شرما کی بنچ نے پرا چین شیومندر عوام اکھاڑہ بھیتی کو مورتیاں اور دیگر مذہبی علامتیں مندر سے ہٹانے کے لئے 15 دن کا وقت دیا تھا۔ اس نے درخواست گزار سوسائٹی اور اس کے ارکان سے کہا تھا کہ وہ مندر ڈھانے کے عمل میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ کرے۔

Hamdard
TRUSTED SINCE 1906
My Hamdard Store.com
SCAN TO SHOP
Hamdard Honey
پیڑھیوں کا بھروسہ۔۔۔ ہر گھر میں۔
ہمدرد، جو سہارا ہے ایک قابل اعتماد نام ہے، اب اسی اعتماد کو ہمدرد دھنی کی ایک نئی شکل میں پیش کرتا ہے۔ کیونکہ اعتماد خریدا نہیں جاتا، کمایا جاتا ہے۔
25% EXTRA
Hamdard Honey
Blend of Honeydew Honey and Blossom Honey
Crystallisation of honey is a natural phenomenon. Do not discard this. Honey tends to crystallise and can be liquified by placing in warm water.
ہمدرد ہے۔ پیور ہے۔
FSSAI معیارات کے مطابق
IN-NOCAN-0017/24 URDU
Share your experience, Call us: 1800 1800 600 or Write us at: info@hamdard.com or Visit us at: www.hamdard.com Hamdard Laboratories India (Food Division), Registered & Consumer Care Office: Hamdard Manzil, Lal Kuan, Delhi - 110 006, India